(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**انفارمیشن ٹیکنالوجی**

سوشل میڈیا

## ٹویٹر/ایکس (X) پر پاکستانیوں کی بڑی تعداد موجود نہیں: پاکستانیوں کی صرف 3% شرح نے گزشتہ کل اس پلیٹ فارم کے استعمال کرنے کا بتایا، خواتین (1%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (2%) میں ٹویٹر/ایکس (X) کے استعمال کرنے کی شرح انتہائی کم دیکھنے میں آئی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 30 دسمبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی صرف 3% شرح نے گزشتہ کل اس پلیٹ فارم کے استعمال کرنے کا بتایا، خواتین (1%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (2%) میں ٹویٹر/ایکس (X) کے استعمال کرنے کی شرح انتہائی کم دیکھنے میں آئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ نے درج ذیل کاموں کو سرانجام دیا یا نہیں؟ چاہے مختصر وقت کے لیے ہی کیوں نہ کیا ہو۔ ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال کیا؟"۔** اس سوال کے جواب میں، 3% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُنھوں نے گزشتہ کل ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال کیا، جبکہ 97% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُنھوں نے گزشتہ کل ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال نہیں کیا۔


سیاق و سباق: پاکستانی حکومت کی جانب سے ٹویٹر پر عملی طور پر پابندی عائد کر دی گئی ہے اور ٹویٹر کے پلیٹ فارم تک رسائی صرف وی پی این (VPN) کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ یہ ممکنہ طور پر ایک وجہ ہوسکتی ہے کہ بہت سے صارفین جو پہلے ٹویٹر کا استعمال کیا کرتے تھے اُنھوں نے اب ٹویٹر کا استعمال بند کر دیا ہے۔ بالغ صارفین کی 3% شرح جو کہ اعداد و شمار کے لحاظ تقریباً 4 ملین صارفین کے برابر ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ نے درج ذیل کاموں کو سرانجام دیا یا نہیں؟ چاہے مختصر وقت کے لیے ہی کیوں نہ کیا ہو۔ ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال کیا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے اعتبار سے:** ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال کرنے کے حوالے سے شرح خواتین کی نسبت مرد حضرات میں 4% زیادہ پائی گئی، خواتین کی 1% شرح کے مقابلے میں مرد حضرات کی 5% شرح نے گزشتہ کل ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال کرنے کا بتایا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**شہری—دیہی علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی صرف 2% شرح نے گزشتہ کل ٹویٹر/ایکس (X) کا استعمال کرنے کے حوالے سے بتایا،اس کے مقابلے شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالے سے شرح 5% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1024 خواتین اور مرد حضرات سے 23rd اکتوبر تا 17th نومبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 30th December 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)